جو اس کے قائل ہیں کہ ان کے نزدیک بار بار غائبانہ نماز جنازہ کیونکر جائز ہے؟ جبکہ ایک مرتبہ وہ ادا کی جا چکی ہے کیا یہ تحصیل حاصل نہیں؟ اگر کہا جائے کہ چونکہ یہ سنت سے ثابت ہے اس لیے اسمیں کچھ مضائقہ نہیں، تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ سنت سے تحصیل حاصل ثابت ہے اور جو چیز سنت سے ثابت ہو جائے اسمیں میت کیلئے یا اپنے لئے مزید حصول برکت ہے تو اسپر یوں بھی تو کہا جا سکتا ہے کہ نماز جنازہ کے بعد دعا کرنا بھی مزید حصول برکت کیلئے ہے۔

رہا یہ اعتراض کہ غائبانہ نماز جنازہ کی منع ثابت کریں یہ اعتراض انتہائی مضحکہ خیز ہے کیونکہ منع تو تب ثابت کریں جب اسکا ثبوت ہو چونکہ غائبانہ نماز جنازہ ادا کرنے والوں کا تمام تر زور حدیث نجاشی پر ہوتا ہے۔

دلیل و برہان کے زیر سایہ لکھی گئی چشم کشا تحریر

**غائبانہ جنازہ جائز نہیں**

مع

تحقیقاتُ و تصدیقاتِ علماءِ اہلسنت شکرَ اللہُ تعالیٰ سعیَہم

مولانا ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

صراط مستقیم پبلیکیشنز
042-7115771-0333-8173630

مع
اضافہ باب ہفتم
0321-9407699

کاری گری اور جو کارنامے دکھائے وہ تو آپ ملاحظہ کر چکے، اب ایک ایسی کاریگری ذرا چھوٹے میاں کی بھی دیکھتے جائیے۔ "مطالعہ بریلویت" کے مرتب فاضل جامعہ رشیدیہ ساہیوال، جناب حافظ محمد اسلم صاحب ہیں جنہوں نے ڈنکاسٹر (انگلینڈ) کو اپنا مسکن بنا رکھا ہے۔ وہ کتاب کے شروع کے صفحات میں لکھتے ہیں:-

"اگر کوئی صاحب اس کا جواب لکھنا چاہیں تو وہ اس کتاب کو متن بنا کر ساتھ ساتھ جواب تحریر فرمائیں۔ کتاب ہذا کے لفظ لفظ کو سامنے لائے بغیر اس کا جواب ناکافی اور ناقابلِ اعتناء سمجھا جائے گا۔"

حافظ صاحب کا یہی اعلان و انتباہ اگر کوئی قادیانی، رافضی، عیسائی، پرویزی، غیر مقلد وغیرہ ان پر پلٹ دے تو کیا حافظ صاحب کے بزرگوں کی لکھی گئی تمام کتب (مذکورہ مذاہب کے خلاف) ناکافی و بےکار سمجھی جائیں گی؟ اس کا مطلب ہے کہ مذکورہ مذاہب کے رد میں لکھی گئی تمام کتب پر لکیر پھیر کر رد کر دیا جائے اور قابلِ اعتناء نہ جانا جائے۔ پھر تو دنیا کی کوئی بھی کتاب جو کسی کتاب کے جواب میں کسی مسلمان عالم نے لکھی ہو، قابلِ اعتبار نہیں رہے گی۔ حافظ صاحب سے گزارش ہے کہ وہ اپنا اعلان و انتباہ واپس لے لیں ورنہ اس اصول اور ضابطے کے مطابق وہ اپنا بھٹہ خود بٹھا لیں گے۔ دیندار مصنفین کا وطیرہ یہ رہا ہے کہ جواب دیتے وقت مخالف کی وہی عبارت لیتے ہیں جو اُن کے مدعا کو پوری کرتی ہو۔ پوری کتاب کی کتاب کبھی نقل نہیں کی گئی۔ آپ لوگوں کی عبارات لیتے وقت ہم نے کوئی دھوکہ کیا ہو تو آگاہ فرمائیے۔

(حاشیہ صفحہ سابقہ) ۱؎ کراماتِ امدادیہ صفحہ ۱۹، ۲۰ مکتبہ فرقان گوالمنڈی لاہور
(حاشیہ صفحہ موجودہ) ۱؎ مطالعہ بریلویت ج ۲ صفحہ ۱۶

**مقدمۂ رابعہ:-** جو جس بات کا مدعی ہو اس سے اس دعوے کے متعلق بحث کی جائے گی خارج از بحث بات کہ ثابت ہو تو اسے مفید نہیں نہ ثابت ہو تو اس کے خصم کو مضر نہیں ایسی بات میں اس کا بحث چھیڑنا وہی جان بچانا اور مکر کی چال کھیلنا اور عوام ناواقفوں کے آگے اپنے فریب کا ٹھیلنا ہوتا ہے۔

مثلاً زید مدعی ہو کہ میں قطب وقت ہوں اپنی قطبیت کا تو کچھ ثبوت نہ دے اور بحث چھیڑ دے کہ اس زمانے کے جو قطب تھے ان کا انتقال ہو گیا اس عیار سے یہی کہا جائے گا کہ اگر ان کا انتقال ثابت بھی ہو جائے تو تیرے دعوے کا کیا ثبوت اور تجھے کیا نافع تیرے خصم کو کیا مضر ہوا کیا ان کے انتقال سے یہ ضرور ہے کہ تو ہی قطب ہو جائے تو اپنے دعوے کا ثبوت دے ورنہ گریبان ذلت میں ڈال کر الگ بیٹھ۔

**مقدمۂ خامسہ:-** کسی نبی کا انتقال دوبارہ دنیا میں اس کی تشریف آوری کو محال نہیں کر سکتا۔

اللہ عزوجل قرآن عظیم میں فرماتا ہے:

"اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ج قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ج فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ط قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ط قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ج وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ

**مقدمہ رابعہ:۔** جو جس بات کا مدعی ہو اس سے اس دعوے کے متعلق بحث کی جائے گی خارج از بحث بات کہ ثابت ہو تو اسے مفید نہیں نہ ثابت ہو تو اس کے خصم کو مضر نہیں ایسی بات میں اس کا بحث چھیڑنا وہی جان بچانا اور مکر کی چال کھیلنا اور عوام ناواقفوں کے آگے اپنے فریب کا ٹھیلنا ہوتا ہے۔

مثلاً زید مدعی ہو کہ میں قطب وقت ہوں اپنی قطبیت کا تو کچھ ثبوت نہ دے اور بحث چھیڑ دے کہ اس زمانے کے جو قطب تھے ان کا انتقال ہو گیا اس عیار سے یہی کہا جائے گا کہ اگر ان کا انتقال ثابت بھی ہو جائے تو تیرے دعوے کا کیا ثبوت اور تجھے کیا نافع تیرے خصم کو کیا مضر ہوا کیا ان کے انتقال سے یہ ضرور ہے کہ تو ہی قطب ہو جائے تو اپنے دعوے کا ثبوت دے ورنہ گریبان ذلت میں ڈال کر الگ بیٹھ۔

**مقدمہ خامسہ:۔** کسی نبی کا انتقال دوبارہ دنیا میں اس کی تشریف آوری کو محال نہیں کرسکتا۔

اللہ عزوجل قرآن عظیم میں فرماتا ہے:

"اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا ج قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ مَوْتِھَا ج فَاَمَاتَهُ اللّٰہُ مِائَۃَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ کَمْ لَبِثْتَ ط قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ط قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَۃَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ج وَ انْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ

شرع میں نسب شہرت وتسامع سے ثابت ہوجاتا ہے بالخصوص قرآن مجید ہی میں تصریح کیا ضرور؟ یا کہا جائے کہ حضرت سیدنا یحیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انتقال فرمایا زید کہے میں نہیں مانتا ہمیں خاص قرآن میں دکھادو کہ ان کی رحلت ہوچکی "سَلٰمٌ عَلَیۡہِ یَوۡمَ وُلِدَ وَیَوۡمَ یَمُوۡتُ" فرمایا ہے مات یحیٰ کہیں نہیں آیا تو اس احمق سے یہی کہا جائے گا کہ قرآن مجید میں بالتصریح کتنے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی موت وحیات کا ذکر فرمایا جو خاص یحیٰ وعیسیٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام کے انتقال وزندگی کا ذکر ہوتا بلکہ قرآن نے تو انبیاء ہی گنتی کے گنائے اور باقی کو فرمادیا:

"وَمِنۡھُمۡ مَنۡ لَّمۡ نَقۡصُصۡ عَلَیۡكَ بہت انبیاء وہ ہیں جن کا ذکر ہی ہم نے تمہارے سامنے نہ کیا"

تو عاقل کے نزدیک جس طرح ہزاروں انبیاء کا اصلاً تذکرہ نہ ہونے سے ان کی نبوت معاذ اللہ باطل نہیں ٹھہر سکتی یونہی موت یحیٰ یا حیات عیسیٰ علیہما الصلوٰۃ و السلام کا ذکر نہ فرمانے سے ان کی موت اوران کی حیات بے ثبوت نہیں ہوسکتی عقل وانصاف ہو تو بات تو اتنے ہی فقرے میں تمام ہوگئی اور جنون وتعصب کا علاج میرے پاس نہیں۔

**مقدمۂ ثالثہ:**۔ جو شخص کسی بات کا مدعی ہو اس کا بار ثبوت اسی کے ذمہ ہوتا ہے آپ اپنے دعوے کا ثبوت نہ دے اور دوسروں سے الٹا ثبوت مانگتا پھرے وہ پاگل ومجنون کہلاتا ہے یا مکار پرفنون وھذا ظاھر جداً۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۰
تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں
فتاویٰ حامدیہ
تصنیف لطیف
حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی قدس سرہٗ
جمع و ترتیب
مولانا محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی
مرکزی دار الافتاء، بریلی شریف

کے پیشوا نذیر حسین کے شاگرد نے بعد نظر ثانی کے مطبع نولکشور میں دوبارہ چھپوائی اس کے صفحہ ۱۷ پر صاف لکھا ہے کہ پھوپھی کے ساتھ نکاح درست ہے ان کے یہاں خون اور شراب اور سور کی چربی ناپاک نہیں۔ جیسا کہ ان کی روضۂ ندیہہ صفحہ ۱۲ وغیرہ سے ثابت ہے۔

سوال ۱۳: قیاس ابوحنیفہ کے خلاف و باطل کہنے والے کو کیا لکھا ہے؟

جواب: فتاویٰ عالمگیری وغیرہ میں ہے جو شخص امام ابوحنیفہ کے قیاس کو حق نہ مانے وہ کافر ہے۔

سوال ۱۴: غیر مقلدین کے پیشواؤں نے بزرگان دین و فقہائے کرام و مقلدین مصلائے اربعہ کی نسبت اور نیز قبۂ مبارک (حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

جواب: ان کے پیشوا صدیق حسن خاں وغیرہ نے شرک و بدعت و مشرک لکھا ہے۔

سوال ۱۵: نواب صدیق حسن خاں نے خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں کیا بے ادبی کے کلمات لکھے ہیں؟

جواب: اپنی کتاب انتقاد الرجیح کے غالباً صفحہ ۶۲ پر صریح گمراہ بتایا ہے کہ انہوں نے جماعت تراویح کو رواج دیا اور خود اسے بدعت کہہ کر اچھا بتایا حالانکہ کوئی بدعت قابل ستائش نہیں۔ سب گمراہی ہے۔

سوال ۱۶: شیخین کو جو گالی دینے والا ہے اس کے بارے میں اکابر اہلسنت کی کیا رائے ہے؟

جواب: جو شخص ابوبکر صدیق یا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو برا کہے بہت سے آئمہ نے اسے کافر کہا ہے۔ اور اس قدر پر تو اجماع ہے کہ ایسا شخص بد دین ہے دیکھو تنویر الابصار، در مختار فتاویٰ عالمگیری، فتاویٰ خلاصہ فتح القدیر، اشباہ بحر الرائق، غنیہ، عقود الدریہ وغیرہ۔

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے نو نعمتیں بیان ہو چکیں اب دسویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے لیکن فرق اس قدر ہے کہ وہ نعمتیں اعلیٰ تھیں اور یہ نعمت در حقیقت ان سے ادنیٰ لیکن بظاہر بنی اسرائیل کو یہ پیاری معلوم ہوئی کیونکہ ان چیزوں سے وہ اکتا چکے تھے دوسرے یہ کہ اس سے پہلے آسمانی نعمتوں کے بعد زمینی نعمت یعنی پانی عطا فرمانے کا ذکر ہو چکا اب ان زمینی غذاؤں کا ذکر ہے جو نعمت معہ زحمت تھی۔ تیسرے یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی نعمتوں کا ذکر تھا اب ان کی نالائقی اور کم ہمتی اور نافرمانی کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ آسمانی نعمتوں کے اہل ثابت نہ ہوئے اعلیٰ ہستی کھو کر پستی کے طالب ہوئے اس صورت میں یہ واقعہ دسویں نعمت نہیں بلکہ ان کی بدقدری کی وجہ ہے ہاں اگر یوں کہا جائے کہ یہ لوگ اس قابل تھے کہ ان سے تمام نعمتیں چھین لی جائیں مگر ہمارا کرم ہی تھا کہ ہم نے نہ چھینیں تو یہ نہ چھیننا بھی ایک نعمت ہے۔

تفسیر : **واذ قلتم** یہاں بھی وہی فعل پوشیدہ ہے یعنی اے اسرائیلیو اور وہ واقعہ بھی یاد کرو جب تم نے کہا تھا اے نبی انہیں یاد دلاؤ خیال رہے کہ یہ واقعہ بھی میدان تیہ کا ہی ہے جب کہ وہ من و سلویٰ کھاتے کھاتے گھبرا گئے تھے کیونکہ وہ تو مصر میں رہ کر مختلف ترکاریاں کھانے کے عادی تھے۔ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ ان کا یہ مطالبہ کرنا گناہ نہ تھا کیونکہ من و سلویٰ کھانا ان پر واجب نہ تھا بلکہ فقط مباح اور مباح کھانے کے بدلنے کی خواہش جرم نہیں البتہ چونکہ یہ بغیر محنت ملتا تھا جس سے یہ لوگ عبادت کا اتفاق موقعہ پالیتے تھے اسی لئے موسیٰ نے اس کو خیر فرمایا اور اس کو ادنیٰ **یموسی** تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ اتنے بڑے پیغمبر کو نام لے کر پکارنا کمال بے ادبی ہے انہیں چاہئے تھا کہ یا رسول اللہ یا نبی اللہ کہہ کر پکارتے دیوبندیوں کے پیشوا میاں اسمٰعیل دہلوی ان سے کئی درجہ آگے ہیں۔ کیونکہ وہ تو انبیاء کو بشر ایلچی، چودھری اور نمبردار بلکہ بھائی کہتے ہیں۔ حالانکہ ہمارے حضور کو تو خود حضرت عباس بھتیجا کہہ کر حضرت علی بھائی کہہ کر ازواج پاک زوج کہہ کر نہیں پکارتی تھیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ نے یا محمد کہہ کر نہیں پکارا اجمالی پکارا **یا ایھا النبی۔ یا ایھا الرسول۔ یا ایھا المزمل** وغیرہ پیارے لقب سے پکارا جب خالق یہ احترام کرے تو ہم کمینے گندے کس شمار میں ہیں۔ اگرچہ حضور اور سارے نبی بشری ہیں مگر یہ کہنا بے ادبی ہے یہاں کو والدہ صاحبہ کو باپ کی بیوی نہ کہو خیال رہے کہ کبھی سچ بولنا کفر ہوتا ہے اور جھوٹ بولنا عین عبادت شیطان نے کہا مولا تو نے مجھے گمراہ کر دیا بات سچی تھی مگر وہ ہو گیا کافر۔ بے گناہ معصوم یا محفوظ بندے کہتے ہیں خدایا ہم بڑے گنہگار ہیں بات غلط ہے مگر یہ کہنا عبادت ہے نبی کو بشر کہنا بات سچی ہے مگر ہے بے ادبی **لن نصبر** یعنی ہم صبر کر سکتے تو ہیں مگر کریں گے نہیں۔ انہوں نے اپنی بے طاقتی بیان نہ کی بلکہ بے صبری لہٰذا یہ دوسری بے ادبی تھی مانگنے کے لئے بھی ادب و تمیز چاہئے **علی طعام واحد** طعام طعم سے بنا ہے طعم لذت والی غذا کو کہتے ہیں اسی لئے کڑوی دواؤں کو طعام نہیں کہا جاتا۔ یہاں ایک کھانے سے مراد ہے نہ بدلنے والا کھانا یعنی یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم سے ہر روز ایک سا ہی کھانا نہیں کھایا جاتا چند وجوں سے ایک یہ کہ کھاتے کھاتے عرصہ ہو چکا دوسرے یہ کہ ہم پہلے سے اس کھانے کے عادی نہ تھے تیسرے یہ کہ ایک کھانے سے معدہ کمزور ہوتا ہے اور خواہش میں کمی آتی ہے نفس بھی اسے قبول نہیں کرتا چوتھے یہ کہ ہم زمین کے رہنے والے ہیں زمینی ہی غذائیں چاہتے ہیں بعض لوگوں نے کہا کہ ایک کھانے سے مراد یکساں کھانا ہے جو کہ غریب و امیر سب کو برابر ملے گا گویا وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم کو مختلف کھانے چاہئیں جس سے بڑے اور چھوٹے کا فرق ظاہر ہو اور جس میں بعض بعض کے خدمت گزار بنیں (تفسیر روح البیان) اس صورت میں یہ ان کی

# اجارہ

**مسئلہ ۲۲:** از کراچی میمن مسجد آرام باغ کاڑی حاطہ ۱۹ ربیع الآخر ۱۳۳۶ھ

جو شخص جس کام کے لیے منتخب کیا گیا وہ اس کو پوری طرح سے ادا نہ کرے یعنی قاصر رہے تو اس کو کیا سمجھنا چاہیے۔؟ **بینوا توجروا**۔ (بیان کیجئے اجر دیئے جاؤ گے۔ت)

**الجواب:**

اس میں ہزاروں صورتیں ہوسکتی ہیں ایسی گول بات قابلِ جواب نہیں ہوتی۔ کیا کام کیسا انتخاب کیونکر نہ کرنا ایک ایسے کام کے لیے منتخب کیا تھا جو اس کے لیے مباح ہے نہ کیا تو کیا الزام اور اگر اس پر فرض تھا اور نہ کیا تو سخت گناہگار اور حرام تھا اور نہ کیا تو بہت اچھا کیا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

اے چشم اشک بار ذرا دیکھنے تو دے
ہوتا ہے جو خراب وہ تیرا ہی گھر نہ ہو
[ایضاح صفحہ ۲۱]

**الجواب:**- یقیناً وہ تیرا ہی گھر ہے۔ چلاّنے کی بھی ضرورت نہیں کہ یہ سب آپ کا ہی کیا دھرا ہے۔ یاد رکھیں ؎

مجمع حشر میں چھپنا ہے محال  میں نے لکھ رکھا ہے حلیہ تیرا

❁

**آمدم برسر مطلب!**

کچھ نہ جاننا اور اس کے باوجود خود کو ہمہ دان سمجھنا' اس کا نام ہے جہل مرکّب۔ جسے قدرت نے موصوف میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ اسی حوالے سے وہ ''ہمچو ما دیگرے نیست'' کے مرض کا سخت شکار ہیں۔ اسی گھمنڈ کے تناظر میں وہ جگہ جگہ ہمیں تلقین فرماتے ہیں کہ فلاں فلاں رسالہ ہی ہم (اللہ کی شان ہے کہ) ان کے کسی مولوی بلکہ کسی مبتدی ہی سے پڑھ لیتے۔ جو چھوٹا منہ بڑی بات کا مصداق ہے۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کوئی علم کی بہت بڑی آفت ہیں مگر کیفیت یہ ہے کہ اپنی سابقہ جہالات سے صفائی پیش کرنا باقی تھا کہ اس قسم کی مزید جہالتوں کا بھی ارتکاب کر کے یک نہ شد دو شد کا مصداق ہو گئے ہیں۔ آفرین ہے ان کو جنہوں نے ان کے سر پر مدرس' مصنف اور مفتی وغیرہ وغیرہ سب کچھ کی پگڑیاں رکھ کر انہیں قوم کی پیشوائی سونپ دی۔ ہمارے متعلق ان کا یہ کہنا کہ ''موصوف کے سر پر مفتی کی پگڑی باندھنے والوں پر قربان''۔ واضح مطلب رکھتا ہے کہ وہ یہ سب پگڑیاں باندھ چکے اور بہت پڑھے ہوئے ہیں۔ پس جن کے پڑھے ہوؤں کا یہ حال ہو تو ان کے ان علمی یتیموں کی علمی کیفیت کیا ہوگی جن سے درس لینے کا وہ ہمیں مشورہ دیتے ہیں۔ سبحان اللہ! یہ منہ اور مسور کی دال۔

مشہور محاورہ ہے الولد سر لابیہ اولاد عموماً ہمیشہ اپنے باپ پر جاتی ہے۔ یہ تعلیاں موصوف کی طبعی مجبوری بھی ہیں کیونکہ ان کے پیش رو اس قسم کی باتیں خود حضور سرور کونین امام الانبیاء ختم الرسل ﷺ کے بارے میں بھی کرتے تھے۔ پس باقی کیا رہ گیا۔ چنانچہ ان کے مذہب

# مِفتاحِ سُنّت
(جلد اول)

بجواب

# ایضاح سنت (جلد اول)

استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا مفتی محمد عبدالمجید خاں سعیدی رضوی
صدر شعبہ تدریس وافتاء و مہتمم جامعہ غوث اعظم و جامعہ سعیدیہ رحیم یار خان

باہتمام
فاضل نوجوان علامہ سید مظفر حسین شاہ صاحب قادری (کراچی)
قادریہ پبلشرز کراچی

اکثر بریلوی مسلک کے لوگوں کو علماء دیوبند خدمات ہم بریلویوں کی کتب سے دکھاتے ہیں جس پر بریلوی کہتے ہیں اپنی کتب سے دکھاؤ تو یہ اصول سامنے رکھیں کہ کسی کتاب یا مضمون کا نہ ملنا اس کے نہ ہونے کی دلیل نہیں ہے اگر وہ حوالہ ہم اصل کتب سے نہ بھی دکھائیں تو پھر بھی کوئی حرج نہیں بصورت دیگر بریلوی اپنے اکابر کے دجال ہونے کا اعلان کرے پھر ہم اپنی اصل کتب سے دکھائیں گے

جس کے منبر ہوئے گردنِ اولیاء
اس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

فرمانِ غوثیہ

قَدَمِی هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ كُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ

کی توضیح و تشریح پر بصیرت افروز تحقیقی کتاب

قدم الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ
علی
رقاب الاولیاء الاکابر رضی اللہ عنہم

ممتاز احمد چشتی

خطیب و مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان

ناشر
بزم سعید
جامعہ انوار العلوم ملتان



کرتے ہیں مگر زبان سے انکار کرتے ہیں۔ انہیں لطائف الغرائب کے نہ ہونے کا قطعاً کوئی یقین نہیں بلکہ وہ لطائف الغرائب کی تلاش میں ہیں اور اسے دیکھنا چاہتے ہیں اور ہمارے اس دعویٰ کا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے ۹۷-۹-۳۰ کو ہمیں ایک مکتوب میں لکھا تھا جو ہمارے پاس محفوظ ہے' ہم ان کی عبارت من و عن نقل کرتے ہیں (کیا کتاب "لطائف الغرائب" آپ کے پاس موجود ہے' اگر ہے تو میں اسے دیکھنا چاہوں گا) اب ان کی اس تحریر سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ "لطائف الغرائب" کو دل سے تسلیم کرتے ہیں مگر زبان سے اس کا انکار کرتے ہیں' اسی کو کہتے ہیں غیر شعوری اعتراف جو کسی چیز کی عظمت و صداقت کو نمایاں کرتا ہے۔

**کسی کتاب کا نہ ملنا اس کے نہ ہونے کی دلیل نہیں ۱**

لطائف الغرائب کے ہمارے ہاں دستیاب نہ ہونے کو اس بات کی دلیل نہیں بنایا جا سکتا کہ اس نام کی کتاب ہی نہیں۔ تفسیر و حدیث اور دوسرے علوم و فنون کی بے شمار کتابیں دستیاب نہیں مگر کسی نے ان کا انکار نہیں کیا۔ حدیثِ پاک کے بہت سے مجموعوں کا تذکرہ محدثینِ کرام کے حالات میں ملتا ہے مگر وہ کتابیں نایاب ہیں۔ فقہ و اصولِ فقہ کی بہت سی کتابوں کے حوالے' دوسری کتابوں میں ملتے ہیں مگر وہ کتابیں کافی کوشش اور تلاش کے باوجود میسر نہیں۔ یوں دیکھا جائے تو بعض آسمانی کتابیں اور صحائف دنیا میں مفقود ہیں تو پھر کیا ان کے وجود کا انکار کیا جا سکتا ہے۔

حضرت محی الدین ابن عربی' حضرت امام جلال الدین سیوطی' امام ابن حجر عسقلانی' علامہ عبد الغنی نابلسی' شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور بہت سے دوسرے علماء و مشائخ کی بہت سی تصانیف کا تذکرہ' ان کی کتابوں کی فہرست میں ملتا ہے اور دوسری کتابوں میں ان کے حوالے پائے جاتے ہیں' مگر خود وہ کتابیں دستیاب نہیں۔ ہمارے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی کتاب کا نہ پایا جانا اس کے نہ ہونے کو مستلزم نہیں ورنہ اس ضابطے کے پیشِ نظر تو بہت سے علمی' فقہی اور فنی مباحث و

کرتے ہیں مگر زبان سے انکار کرتے ہیں۔ انہیں لطائف الغرائب کے نہ ہونے کا قطعاً کوئی یقین نہیں بلکہ وہ لطائف الغرائب کی تلاش میں ہیں اور اسے دیکھنا چاہتے ہیں اور ہمارے اس دعوٰی کا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے ۹۷-۹-۳۰ کو ہمیں ایک مکتوب میں لکھا تھا جو ہمارے پاس محفوظ ہے، ہم ان کی عبارت من و عن نقل کرتے ہیں (کیا کتاب "لطائف الغرائب" آپ کے پاس موجود ہے، اگر ہے تو میں اسے دیکھنا چاہوں گا) اب ان کی اس تحریر سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ "لطائف الغرائب" کو دل سے تسلیم کرتے ہیں مگر زبان سے اس کا انکار کرتے ہیں، اسی کو کہتے ہیں غیر شعوری اعتراف جو کسی چیز کی عظمت و صداقت کو نمایاں کرتا ہے۔

## کسی کتاب کا نہ ملنا اس کے نہ ہونے کی دلیل نہیں

لطائف الغرائب کے ہمارے ہاں دستیاب نہ ہونے کو اس بات کی دلیل نہیں بنایا جا سکتا کہ اس نام کی کتاب ہی نہیں۔ تفسیر و حدیث اور دوسرے علوم و فنون کی بے شمار کتابیں دستیاب نہیں مگر کسی نے ان کا انکار نہیں کیا۔ حدیثِ پاک کے بہت سے مجموعوں کا تذکرہ محدثینِ کرام کے حالات میں ملتا ہے مگر وہ کتابیں نایاب ہیں۔ فقہ و اصولِ فقہ کی بہت سی کتابوں کے حوالے، دوسری کتابوں میں ملتے ہیں مگر وہ کتابیں کافی کوشش اور تلاش کے باوجود میسر نہیں۔ یوں دیکھا جائے تو بعض آسمانی کتابیں اور صحائف دنیا میں مفقود ہیں تو پھر کیا ان کے وجود کا انکار کیا جا سکتا ہے۔

حضرت محی الدین ابن عربی، حضرت امام جلال الدین سیوطی، امام ابن حجر عسقلانی، علامہ عبدالغنی نابلسی، شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور بہت سے دوسرے علماء و مشائخ کی بہت سی تصانیف کا تذکرہ، ان کی کتابوں کی فہرست میں ملتا ہے اور دوسری کتابوں میں ان کے حوالے پائے جاتے ہیں، مگر خود وہ کتابیں دستیاب نہیں۔ ہمارے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی کتاب کا نہ پایا جانا اس کے نہ ہونے کو مستلزم نہیں ورنہ اس ضابطے کے پیشِ نظر تو بہت سے علمی، فقہی اور فنی مباحث و

جس کے منبر ہوئے گردنِ اولیاء
اس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

فرمانِ غوثیہ

قَدَمِی هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ كُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ

کی توضیح و تشریح پر بصیرت افروز تحقیقی کتاب

# قدم الشیخ عبد القادر علی رقاب الاولیاء الاکابر رضی اللہ عنہم


ممتاز احمد چشتی

خطیب و مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان



ناشر

بزمِ سعید

جامعہ انوار العلوم ملتان

رضی اللہ عنہ نے قرآن کی تفسیریں کیں اور آپس میں بہت طرح ان میں اختلاف رہا اور ان کی ہر بات تو سنی ہوئی نہ تھی پھر حضور ﷺ کا یہ دعا فرمانا بے کار ہوگا کہ اے اللہ انکو دینی فقہ دے اور تاویل سکھادے۔"

نیز حضرت امام غزالی نے احیاء العلوم باب ہشتم میں فصل چہارم اس مقصد کے لیے مقرر کی ہے کہ قرآن سمجھنا بغیر نقل کے بھی جائز ہے وہ فرماتے ہیں کہ قرآن کے ایک ظاہری معنی ہیں اور ایک باطنی۔ علماء ظاہری معنی کی تحقیق کرتے ہیں اور صوفیائے کرام باطنی کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر میں چاہوں تو سورۃ فاتحہ کی تفسیر سے ۷۰ اونٹ بھر دوں۔ نیز حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص قرآن سمجھ لیتا ہے وہ تمام علوم کو بیان کرسکتا ہے۔ پھر جو حدیث میں یہ آیا کہ جو شخص اپنی رائے سے قرآن میں کہے وہ خطا کار ہے۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ جن باتوں کا علم بغیر نقل کے نہیں ہوسکتا ان کو رائے سے بیان کرنا حرام ہے۔ دیکھو اس کی پوری بحث احیاء العلوم شریف کے اسی باب کی اسی فصل میں۔

نیز آئمہ دین کا قرآنی آیات میں بڑا اختلاف رہتا ہے کہ ایک صاحب کسی جگہ وقف کرتے ہیں۔ تو دوسرے اور جگہ ایک صاحب اسی آیت سے ایک مسئلہ نکالتے ہیں اور دوسرے صاحب اس کے خلاف۔ جیسے کہ تہمت زنا لگانے والے کی گواہی متشابہات کا علم وغیرہ۔ تو اگر آپ اپنے علم سے کلام الٰہی میں بالکل کلام نہیں کرسکتے ہر ہر بات کے لیے نقل کی ضرورت ہے تو یہ اختلاف کیسا۔

## تحریف

(۳) تحریف یہ ہے کہ قرآن کے ایسے معنی یا مطلب بیان کرے جو کہ اجماع امت یا عقیدہ اسلامیہ یا اجماع مفسرین کے خلاف ہو یا خود تفسیر قرآن کے خلاف ہے اور کہے کہ اس آیت کے وہ معنی نہیں ہیں بلکہ وہ معنی ہیں جو میں نے کہے۔ یہ صریح کفر ہے جیسے آیات قرآنیہ اور قرأت کا انکار کفر ہے ایسے ہی قرآن کے متواتر معنی کا انکار کفر ہے جیسے کہ مولوی قاسم صاحب نے خاتم النبیین کے معنے کئے۔ اصلی نبی۔ اور معنی آخری نبی کو خیال عوام یعنی غلط کہا اور نبوت کی دو قسمیں کرڈالیں۔ اصلی اور عارضی۔ حالانکہ کہ امت کا اجماع اور احادیث کا اتفاق اس پر ہے کہ خاتم النبیین کے معنے ہیں آخری نبی۔ اور حضور علیہ السلام کے زمانہ میں یا بعد میں کوئی نبی نہیں آسکتا۔ یہ تحریف ہے۔ اور اسی طرح قرآن پاک کی جن آیتوں میں غیر اللہ کو پکارنے کی ممانعت کی گئی ہے وہاں مفسرین کا اجماع ہے کہ اس سے مراد غیر اللہ کو پوجنا ہے جیسے۔

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَالَا يَنْفَعُكَ وَ لَا يَضُرُّكَ (پارہ ۱۱ سورۃ ۱۰ آیت ۱۰۶)

"خدا کے سوا انکو نہ پوجو جو نفع نقصان نہ پہنچا سکیں۔"

نیز قرآن کریم خود اس کی تفسیر فرماتا ہے:

وَ مَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (پارہ ۱۸ سورۃ ۲۳ آیت ۱۱۷)

"جو شخص خدا کے ساتھ دوسرے معبود کو پوجے۔"

اب اسی تفسیر اور اجماع کے ہوتے ہوئے جو کہے کہ غیر کو پکارنا منع ہے وہ قرآن میں تحریف کرتا ہے اس بحث کو خوب اچھی طرح خیال میں

# بریلوی اصول

## اپنی ہی کتب کا حوالہ فریق مخالف کو پیش نہیں کیا جا سکتا

## اگر کوئی یہ کام کرتا ہے تو دنیا میں کوئی جھوٹا نہ بچے

**1۔علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مغالطہ**

ماہ نامہ روح بلند نومبر 2012 ص 27 پر ڈاکٹر سرفراز احمد اعوان صاحب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے

---



خلاف لکھے گئے فتوے سے رجوع کرلیا تھا۔اور بطور ثبوت اپنے ہی ایک مولوی امیر شاہ خان دیوبندی کی کتاب کا حوالہ دیا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ دیوبندیوں کے پاس اس دعویٰ پر کوئی مسلّم عندالخصم دلیل موجود نہیں ۔ اگر مدعی سے اس کی خود ساختہ دلیل کو قبول کرلیا جائے تو دنیا کا کوئی جھوٹا، جھوٹا نہیں رہ سکتا۔ دنیا کی ہر عدالت اس طرح کی دلیل کو قبول کرنے سے معذرت خواہ ہے۔ثابت ہوا کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ دعویٰ محض بے دلیل ہے، اور جھوٹ پر مبنی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد کا سارا الزام علامہ فضل حق خیر آبادی، مولانا شاہ فضل رسول بدایونی اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہم کو دیا ہے۔ جبکہ مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد میں ہندوستان بھر سے مذکورہ علماء کے علاوہ متعدد وہ علماء (جن کا تعلق خاندان شاہ ولی اللہ سے تھا) نے بھی اسمٰعیل دہلوی کا شدید رد کیا۔ اور مولانا فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب تحقیق الفتوی (جو کہ تقویۃ الایمان کی تردید میں لکھی گئی) پر اپنی تصدیقات ثبت فرمائیں۔ ان مصدقین میں شاہ رفیع الدین محدث دہلوی کے فرزند شاہ مخصوص اللہ دہلوی سمیت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے سترہ نامی گرامی تلامذہ شامل ہیں جن کے اسماء یہ ہیں:

﴿1﴾ المتوکل علی اللہ محمد شریف ﴿2﴾ مولانا حاجی محمد قاسم ﴿3﴾ مولانا فقیر محمد حیات الآری ﴿4﴾ مولانا کریم اللہ ﴿5﴾ مولانا محمد رشید الدین ﴿6﴾ مولانا شاہ مخصوص اللہ ﴿7﴾ مولانا محمد رحمت ﴿8﴾ مولانا عبدالخالق ﴿9﴾ مولانا محمد عبداللہ ﴿10﴾ مولانا محمد موسیٰ ﴿11﴾ مولانا خادم محمد ﴿12﴾ مولانا محمد سعید مجددی ﴿13﴾ مولانا محمد شریف ﴿14﴾ مولانا محمد حیات ﴿15﴾ مولانا صدر الدین ﴿16﴾ مولانا رحیم الدین ﴿17﴾ آخر میں

# بریلوی اصول

## اپنی ہی کتب کا حوالہ فریق مخالف کو پیش نہیں کیا جا سکتا

## اگر کوئی یہ کام کرتا ہے تو دنیا میں کوئی جھوٹا نہ بچے

**1۔علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مغالطہ**

ماہ نامہ روح بلند نومبر 2012 ص 27 پر ڈاکٹر سرفراز احمد اعوان صاحب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے



خلاف لکھے گئے فتوے سے رجوع کر لیا تھا۔اور بطور ثبوت اپنے ہی ایک مولوی امیر شاہ خان دیوبندی کی کتاب کا حوالہ دیا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ دیوبندیوں کے پاس اس دعویٰ پر کوئی مسلّم عند الخصم دلیل موجود نہیں ۔ اگر مدعی سے اس کی خود ساختہ دلیل کو قبول کر لیا جائے تو دنیا کا کوئی جھوٹا، جھوٹا نہیں رہ سکتا۔ دنیا کی ہر عدالت اس طرح کی دلیل کو قبول کرنے سے معذرت خواہ ہے۔ثابت ہوا کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ دعویٰ محض بے دلیل ہے،اور جھوٹ پر مبنی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد کا سارا الزام علامہ فضل حق خیر آبادی، مولانا شاہ فضل رسول بدایونی اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہم کو دیا ہے۔جبکہ مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد میں ہندوستان بھر سے مذکورہ علماء کے علاوہ متعدد وہ علماء (جن کا تعلق خاندان شاہ ولی اللہ سے تھا) نے بھی اسمٰعیل دہلوی کا شدید رد کیا۔اور مولانا فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب تحقیق الفتوی (جو کہ تقویۃ الایمان کی تردید میں لکھی گئی) پر اپنی تصدیقات ثبت فرمائیں۔ ان مصدقین میں شاہ رفیع الدین محدث دہلوی کے فرزند شاہ مخصوص اللہ دہلوی سمیت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے سترہ نامی گرامی تلامذہ شامل ہیں جن کے اسماء یہ ہیں:

﴿1﴾ المتوکل علی اللہ محمد شریف ﴿2﴾ مولانا حاجی محمد قاسم ﴿3﴾ مولانا فقیر محمد حیات الآری ﴿4﴾ مولانا کریم اللہ ﴿5﴾ مولانا محمد رشید الدین ﴿6﴾ مولانا شاہ مخصوص اللہ ﴿7﴾ مولانا محمد رحمت ﴿8﴾ مولانا عبد الخالق ﴿9﴾ مولانا محمد عبد اللہ ﴿10﴾ مولانا محمد موسیٰ ﴿11﴾ مولانا خادم محمد ﴿12﴾ مولانا محمد سعید مجددی ﴿13﴾ مولانا محمد شریف ﴿14﴾ مولانا محمد حیات ﴿15﴾ مولانا صدر الدین ﴿16﴾ مولانا رحیم الدین ﴿17﴾ آخر میں

دیکھی اور اکابرین اہل سنت و جماعت خصوصاً امام اہل سنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ پر بے جاسخت تنقید محسوس کی تو ارادہ کیا کہ ڈاکٹر سرفراز احمد اعوان صاحب کے مذکورہ مقالہ کے مغالطات اور الزامات کا مختصراً جواب سپرد قرطاس کردوں تا کہ اہل انصاف اور حقیقت پسند لوگوں کے سامنے حقیقت واضح ہو جائے۔

## 1۔علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مغالطہ

ماہ نامہ روح بلند نومبر 2012 ص 27 پر ڈاکٹر سرفراز احمد اعوان صاحب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے



خلاف لکھے گئے فتوے سے رجوع کر لیا تھا۔ اور بطور ثبوت اپنے ہی ایک مولوی امیر شاہ خان دیوبندی کی کتاب کا حوالہ دیا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ دیوبندیوں کے پاس اس دعویٰ پر کوئی مسلّم عندالخصم دلیل موجود نہیں۔ اگر مدعی سے اس کی خود ساختہ دلیل کو قبول کر لیا جائے تو دنیا کا کوئی جھوٹا، جھوٹا نہیں رہ سکتا۔ دنیا کی ہر عدالت اس طرح کی دلیل کو قبول کرنے سے معذرت خواہ ہے۔ ثابت ہوا کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ دعویٰ محض بے دلیل ہے، اور جھوٹ پر مبنی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد کا سارا الزام علامہ فضل حق خیر آبادی، مولانا شاہ فضل رسول بدایونی اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہم کو دیا ہے۔ جبکہ مولوی اسمٰعیل دہلوی کے رد میں ہندوستان بھر سے مذکورہ علماء کے علاوہ متعدد وہ علماء (جن کا تعلق خاندان شاہ ولی اللہ سے تھا) نے بھی اسمٰعیل دہلوی کا شدید رد کیا۔ اور مولانا فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب تحقیق الفتوی (جو کہ تقویۃ الایمان کی تردید میں لکھی گئی) پر اپنی تصدیقات ثبت فرمائیں۔ ان مصدقین میں شاہ رفیع الدین محدث دہلوی کے فرزند شاہ مخصوص اللہ دہلوی سمیت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے سترہ نامی گرامی تلامذہ شامل ہیں جن کے اسماء یہ ہیں:

﴿1﴾ المتوکل علی اللہ محمد شریف ﴿2﴾ مولانا حاجی محمد قاسم ﴿3﴾ مولانا فقیر محمد حیات الآری ﴿4﴾ مولانا کریم اللہ ﴿5﴾ مولانا محمد رشید الدین ﴿6﴾ مولانا شاہ مخصوص اللہ ﴿7﴾ مولانا محمد رحمت ﴿8﴾ مولانا عبدالخالق ﴿9﴾ مولانا محمد عبداللہ ﴿10﴾ مولانا محمد موسیٰ ﴿11﴾ مولانا خادم محمد ﴿12﴾ مولانا محمد سعید مجددی ﴿13﴾ مولانا محمد شریف ﴿14﴾ مولانا محمد حیات ﴿15﴾ مولانا صدر الدین ﴿16﴾ مولانا رحیم الدین ﴿17﴾ آخر میں

خصوصی شمارہ
سہ ماہی دعوت اہل سنت
امام اہل سنت نمبر
شمارہ نمبر 5
باہتمام
ضیغم اسلام قاطع بدمذہبیت
حضرت
دامت برکاتہم العالیہ
علامہ پیر سید مظفر شاہ قادری

تحذیر الناس کے ردّ میں لاجواب علمی دلائل

# ختمِ نبوّت
اور
# تحذیرُ النّاس

سید بادشاہ تبسم بخاری
(ایم اے (اردو) بی۔ ایڈ)

ادارہ اشاعت العلوم
دھرم پورہ لاہور

النبیین (ﷺ) کی طرح الگ الگ ہر زمین میں دوسرے انبیاء علیہم السلام اور خاتم النبیین ﷺ کا ذکر ہے، گویا اس طرح یہ حضرات امکانِ نظیر کے اثبات کی دُھن میں سات زمینوں کے سات خاتم النبیین ثابت کرنے پر تُل گئے اور اس طرح نادانستہ ہی انکارِ ختمِ نبوت کی راہ ہموار ہوئی اور مرزا غلام احمد قادیانی کو یہ جرأت ہوئی کہ وہ نبوت کا اِدّعا کرے، چنانچہ مرزا کے خلیفہ مرزا بشیر احمد نے مولانا محمد قاسم نانوتوی کے رسالہ تحذیر الناس کی (جو اثر ابنِ عباس کی صحت کے حق میں ہے) ایک عبارت نقل کر کے لکھا ہے:

> ''اہلِ بصیرت کے نزدیک اس شہادت کو خاص وزن حاصل ہونا چاہیے۔ یہ شہادت مدرسۃ العلوم دیوبند کے نامور بانی حضرت مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کی ہے (ختمِ نبوت کی حقیقت صفحہ ۱۵۴۔ طبع کراچی)'' (فضلِ حق خیر آبادی اور سن ستاون۔ صفحہ ۱۱۲، ۱۱۳)

حکیم صاحب حاشیہ میں لکھتے ہیں ''مولانا محمد قاسم نے ۱۸۷۳ء میں رسالہ تحذیر الناس لکھا اور ۱۸۸۰ء میں مرزا نے اپنے مُلہم (الہام کرنے والا) اور مجدّد ہونے کا دعویٰ کیا ہے'' (حاشیہ صفحہ ۱۱۲) حکیم صاحب نے اس موضوع کا اختتام اس فکر انگیز عبارت پر کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''مختصر یہ ہے کہ شاہ اسماعیل کے غیر محتاط اندازِ بیان اور ایک خاص گروہ کے علماء کی طرف سے ان کی بے جا اور ناحق حمایت نے ایک ایسے فتنے کو سر اُٹھانے اور پنپنے کا موقع دیا جو ۹۵ سال سے اُمت کے لئے دردِ سر بلکہ دردِ جگر بنا ہوا ہے۔ مولانا فضلِ حق کی فراست نے برمحل اس فتنے کا سدِّ باب کرنا چاہا تھا اور شاہ اسماعیل کی کتاب پر بروقت تنقید کی تھی۔'' (ایضاً صفحہ ۱۱۳)

گھر کی اس بوجھل شہادت کے بعد مزید کسی تبصرے کی ضرورت ہی نہیں۔ اس سے قبل بھی حکیم سید محمود احمد برکاتی نے ''مولانا خیر آبادی کی زندگی کے سلسلے میں چند اغلاط

بھی کافی ہے کہ گکھڑوی صاحب ہمارے متعلق مذکورہ تاثر دینے کے باوجود اس پر ہمارے کسی ذمہ دار تو کجا عام عالم کا حوالہ بھی پیش نہیں کر سکے اور نہ ہی ایسا کوئی حوالہ وہ پیش کر سکتے ہیں بے شک طبع آزمائی کر کے دیکھ لیں۔ دیدہ باید۔

**نوٹ نمبر 1:** گکھڑوی صاحب نے مجالس الابرار کے ترجمہ کا نام ''نفائس الازہار'' کے بجائے نفائس الاظہار'' (ظاء کے ساتھ) لکھا ہے جو اگر غلط کتابت نہیں تو بہت تعجب خیز ہے۔

**نوٹ نمبر 2:** مجالس الابرار کے بارے میں اتنی طویل بحث ہم نے اس لئے کی ہے کہ گکھڑوی صاحب نے آگے چل کر بدعت کی اپنی من مانی تعریف کے لئے اسے اپنے بنیادی ماخذ میں شمار کیا ہے جب کہ وہ ان کے مقرر کردہ معیاد دلائل پر قطعاً پوری اترنے والی نہیں۔

**(فاحفظه فانه سينفعك كثيرا ان شاء الله تعالىٰ شانه)**

## عبارت مکتوبات سے جواب:

اسی طرح س مقام پر ان کی پیش کردہ عبارت مکتوبات حضرت شیخ مجدد علیہ الرحمۃ بھی ہمارے خلاف نہیں کیونکہ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ فقہ میں مجتہدین فقہاء ہی کا قول چلے گا غیر فقیہ صوفیاء کا نہیں۔ بالفاظ دیگر جن صوفیاء کرام کو فقہ میں شغف نہیں۔ ان کی رائے مسائل تصوف میں تو معتبر ہو سکتی ہے فقہی مسائل میں ماہرین فقہاء ہی کی خدمات حاصل کی جائیں گی اور قرین قیاس بھی یہی امر ہے کیونکہ اس میں گفتگو ایک مسئلہ کے فقہی پہلو پر ہو رہی ہے۔ چنانچہ اس کے لفظ ہیں (جنہیں خود گکھڑوی صاحب نے بھی نقل کیا ہے):

''عمل صوفیہ در حل وحرمت سند نیست ہمیں بس است کہ ما ایشاں را معذور داریم وملامت نہ کنیم ومر ایشاں را بحق سبحانہ وتعالیٰ مفوض داریم۔ اینجا قول امام ابوحنیفہ وامام ابویوسف و

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ — یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

# البرہان القاطع
# فی الرّد
# علی المنہاج الواضح

المعروف بہ

# مصباح سنت

## بہ جواب

## راہ سنت

’’جس میں مولوی سرفراز خان صفدر گکھڑوی کی کتاب راہ سنت کا مکمل رد بلیغ کر کے کلیہ بدعت وغیرہا میں ان کی بے شمار علمی ٹھوکروں کی نشاندہی کی گئی اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اہلسنت وجماعت پر ان کا بدعتی ہونے کا الزام ان کا محض بلا دلیل دعویٰ ہے۔ جس کے ثابت کرنے میں وہ کلی طور پر ناکام رہے ہیں نیز یہ کہ اس کے اصل ملزم وہ خود ہی ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر بیسوں علمی مباحث بھی اس میں آ گئے ہیں جو مطالعہ سے تعلق رکھتے ہیں‘‘


محقق وقت مناظر اہلسنت

از قلم

مفتی محمد عبدالمجید خاں صاحب سعیدی رضوی

صدر مدرس و مہتمم دار العلوم جامعہ سعیدیہ و جامعہ غوث اعظم رحیم یار خان



ناشر

قادریہ پبلشرز
کراچی

کاظمی کتب خانہ
رحیم یار خان

بھی کافی ہے کہ گکھڑوی صاحب ہمارے متعلق مذکورہ تاثر دینے کے باوجود اس پر ہمارے کسی ذمہ دار تو کجا عام عالم کا حوالہ بھی پیش نہیں کر سکے اور نہ ہی ایسا کوئی حوالہ وہ پیش کر سکتے ہیں بے شک طبع آزمائی کر کے دیکھ لیں۔ دیدہ باید۔

**نوٹ نمبر 1:** گکھڑوی صاحب نے مجالس الابرار کے ترجمہ کا نام ''نفائس الازہار'' کے بجائے نفائس الاظہار'' (ظاء کے ساتھ) لکھا ہے جو اگر غلط کتابت نہیں تو بہت تعجب خیز ہے۔

**نوٹ نمبر 2:** مجالس الابرار کے بارے میں اتنی طویل بحث ہم نے اس لئے کی ہے کہ گکھڑوی صاحب نے آگے چل کر بدعت کی اپنی من مانی تعریف کے لئے اسے اپنے بنیادی ماخذ میں شمار کیا ہے جب کہ وہ ان کے مقرر کردہ معیاد دلائل پر قطعاً پوری اترنے والی نہیں۔

**(فاحفظه فانه سينفعک كثيرا ان شاء الله تعالیٰ شانه)**

## عبارت مکتوبات سے جواب:

اسی طرح اس مقام پر ان کی پیش کردہ عبارت مکتوبات حضرت شیخ مجدد علیہ الرحمۃ بھی ہمارے خلاف نہیں کیونکہ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ فقہ میں مجتہدین فقہ ہی کا قول چلے گا غیر فقیہ صوفیاء کا نہیں۔ بالفاظ دیگر جن صوفیاء کرام کو فقہ میں شغف نہیں۔ ان کی رائے مسائل تصوف میں تو معتبر ہو سکتی ہے فقہی مسائل میں ماہرین فقہ ہی کی خدمات حاصل کی جائیں گی اور قرین قیاس بھی یہی امر ہے کیونکہ اس میں گفتگو ایک مسئلہ کے فقہی پہلو پر ہو رہی ہے۔ چنانچہ اس کے لفظ ہیں (جنہیں خود گکھڑوی صاحب نے بھی نقل کیا ہے):

''عمل صوفیہ در حل وحرمت سند نیست ہمیں بس است کہ ما ایشاں را معذور داریم وملامت نہ کنیم ومر ایشاں را بحق سبحانہ وتعالیٰ مفوض داریم۔ اینجا قول امام ابوحنیفہ وامام ابو یوسف و

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

# البرهان القاطع
## فی الرد
## علی المنهاج الواضح

المعروف به

# مصباح سنت

## به جواب

# راه سنت

''جس میں مولوی سرفراز خان صفدر گکھڑوی کی کتاب راہ سنت کا مکمل رد بلیغ کر کے کلیہ بدعت وغیرہا میں ان کی بے شمار علمی ٹھوکروں کی نشاندہی کی گئی اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اہلسنت وجماعت پر ان کا بدعتی ہونے کا الزام ان کا محض بلا دلیل دعوی ہے۔ جس کے ثابت کرنے میں وہ کلی طور پر ناکام رہے ہیں نیز یہ کہ اس کے اصل ملزم وہ خود ہی ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر بیسوں علمی مباحث بھی اس میں آ گئے ہیں جو مطالعہ سے تعلق رکھتے ہیں''


محقق وقت مناظر اہلسنت

از قلم

مفتی محمد عبد المجید خاں صاحب سعیدی رضوی

صدر مدرس و مہتمم دار العلوم جامعہ سعیدیہ و جامعہ غوث اعظم رحیم یار خان



ناشر

قادریہ پبلشرز
کراچی

کاظمی کتب خانہ
رحیم یار خان

## سوال

شرح کنز میں علامہ زیلعی لکھتے ہیں ولو بلی المیت و صار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ و ذرعہ والبناء علیہ

## جواب ۱

یہ قول علامہ زیلعی کا احادیث مذکورہ اور روایات مسطورہ کے معارض ہے لہذا قابل قبول نہیں ہے۔

## جواب ۲

علامہ شرنبلالی نے امداد الفتاح میں علامہ زیلعی کے اس قول کو رد کر دیا ہے دوسری روایات معارضہ سے پس قابل تقبیل نہیں قال فی الامد اد ویخالفه ما فی التتار خانیه اذا صار المیت ترابا فی القبر یکرہ دفن غیرہ فی قبرہ لان الحرمة باقیة الخ! ترجمہ "یعنی جب قبر میں میت گل کر مٹی ہو جائے تب بھی اس کی قبر میں غیر کو دفن کرنا مکروہ ہے کہ اس کی تعظیم اور حرمت کے خلاف ہے کہ اس میت کی تعظیم اور حرمت اب بھی باقی ہے" اور مزید ہے اس کی وہ جو علامہ نابلسی علیہ الرحمۃ کی حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں لکھا ہے کہ معناہ ان الارواح تعلم بترک اقامة الحرمة والاستهانة فتاذی بذلک یعنی قبر پر تکیہ لگانے سے جو اہل قبور کو ایذا ہوتی ہے اس کے یہ معنی ہیں کہ روحیں جان لیتی ہیں کہ اس نے ہماری تعظیم میں قصور کیا لہذا ایذا پاتی ہیں اور علامہ عبدالحق محدث شیخ اللہ علیہ

بڑے لوگوں کے طریقے
بڑے لوگوں کی معرفت
اور تعرف کے لیے
مزارات پر گنبد بنانا
تالیف
حضرت علامہ مولانا
مفتی محمد فیض احمد اویسی مدظلہ العالی
باہتمام
حضرت علامہ سید حمزہ علی قادری مدظلہ العالی
عطاری پبلشرز
جیلانی سینٹر، پانچویں منزل روم نمبر 501 ، نزد میری ویدر ٹاور
کراچی، پاکستان فون: 2446818، 320-4333547